آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔ خبر نامہ لے کر میں بلال وانی

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

16/01/2026 07.40 PM

ہیڈ لائینز

*........وزیر اعظم نریندر مودی نے ملک کو آتم نر بھر بنانے میں سٹارٹ اپ انڈیا مشن کے رول کو کیا اُجاگر ۔

*.......یونیورسٹیاںاختراع اور تحقیق کے لئے اعلیٰ معیارات مقرر کریں// ایل جی منوج سنہا۔

*.......وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں کشمیر میں فلم سازی کو فروغ دینے کیلئے انڈین انسٹی چیوٹ آف کریٹیو ٹیکنالوجی ممبئی کا اشتراک کیا طلب۔

*.......آج تزک و احتشام کے ساتھ منائی جا رہی ہے معراج النبیﷺ کی تقریب سعید۔

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ پچھلے دس برسوں کے دوران سٹارٹ اپ انڈیا مشن نے ایک انقلاب کی حیثیت اختیار کی ہے اور یہ مشن ملک کو آتم نر بھر بنانے میں ایک کلیدی رو ل ادا کر رہا ہے۔بھارت منڈپم نئی دلی میں آج نیشنل سٹارٹ اپ ڈے کے سلسلے میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہاکہ بھارت دنیا کا تیسر ا سب سے بڑا سٹارٹ اپ نظام بن گیا ہے اور نوجوان سماج کو در پیش مسائل کاحل نکالنے کی طرف توجہ دے رہے ہیں۔ انہوں نے اپنے خوابوں کو شرمندہ تعبیر کرنے والے نوجوان اختراع کاروں کی تعریف کی ۔

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صنعت و حرفت کے وزیر پیوش گوئل نے کہا کہ سٹارٹ اپ مشن وزیر اعظم نریندر مودی نے 16جنوری2016کو شروع کیا تھا جب سے لیکر آج تک سٹارٹ اپس کی تعداد دو لاکھ سے تجاوز کر گئی ہے۔

دن

سکول The Bussiness نیشنل سٹارٹ اپ ڈے کی اہمیت کے حوالے سے جب ہم نے جموں یونیورسٹی کے کے ساتھ بات کی تو انہوننے کہا۔Aubid Hussain Parrey کے سینئر اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر

میٹنگLG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ یونیورسٹیوں کو اختراع اور تحقیق کےلئے اعلیٰ معیارات مقرر کرنے کے ساتھ ساتھ نصاب پر نظر ثانی کرنی چاہئے تاکہ مصنوعی ذہانت اور جدید ترین انفارمیشن ٹیکنالوجی کو نصاب میں شامل کیا جا سکے۔ ان باتوں کا اظہار انہوننے آج جموں میں منعقدہ جموں یونیورسٹی کی89ویں یونیورسٹی کونسل میٹنگ سے خطاب کے دوران کیا۔ایل جی نے کہا کہ یونیورسٹیوں تیار کرنے پر بھی غور Early Warning Syestem کو قدرتی آفات اور ان کے نتائج سے نمٹنے سے متعلق کرنا چاہئے۔میٹنگ کے دوران یونیورسٹی کے کئی منصوبوں کو قومی تعلیمی پالیسی کے رہنما خطوط کے

عین مطابق منظوری دی گئی۔میٹنگ میں وزیر تعلیم سکینہ ایتو،جمونیونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر اُمیش رائے ، کشمیر یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر نیلوفر خان ، کلسٹر یونیورسٹی جموں کے وائس چندر شیکھر،کلسٹر یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر محمد مبین اور انتظامیہ کے KS چانسلر پروفیسر کئی اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔

ملاقات LG

لیڈر BJPاور سینئرMLC جموں میں آج کئی وفود نے ایل جی منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی ۔ ان میں سابق ایڈوکیٹ مرتضیٰ خان کی قیادت میں پیرپنچال ٹرائبل یونائیٹیڈ فرنٹ کا وفد، وائس چیر مین ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کونسل رگھو نندن سنگھ کی قیادت میں کھٹوعہ سے تعلق رکھنے والا وفد اورڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کونسل بلوال برہمنا جموں کے ممبر بھوشن برال کی سربراہی والا وفد شامل ہیں۔

اس کے علاوہ ریجنل ڈائریکٹر اگنو جموں ڈاکٹر سندیپ گپتا لوک بھون جموں میں ایل جی منوج سنہا سے ملاقی ہوئے ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ جموں کشمیر فلم سیاحت اور تخلیقی صنعت کاری کے ایک اہم مرکز کے طور پر ابھر کر سامنے آرہا ہے۔ ان باتوں کا اظہار وزیر اعلیٰ نے ممبئی میں نیشنل فلم ڈیولپمنٹ کار پوریشن میں انڈین انسٹی چیوٹ آف کریٹیو ٹیکنالوجی کے دورے کے دوران فلم شعبے سے جُڑے تخلیقی اور فلم سیکٹر کے پیشہ وروں کے ساتھ بات کرتے ہوئے کیا ۔

، گیمنگ، کامکس اینڈ ریلٹی جیسے شعبوں میں جموں VFXکے اشتراک سے اینیمشن،IICT انہوں نے کہاکہ کشمیر کے نوجوانوں کی ہنر مندی بڑھائی جا سکتی ہے ۔ انہوں نے کہاکہ یہ تربیتی مواقعے جموں کشمیر کے نوجوان ٹیلنٹ کو فلم سازی کے شعبے میں قومی سطح پر لانے میں مدد گارثابت ہوں گے۔

عمر عبداللہ

دریں اثنا وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج ممبئی میں ٹرول ٹریڈ لیڈروں سے خطاب کیا اور مہاراشٹر کے ٹرول ایجنٹس اور ایسو سی ایشنز کی عزت افزائی کی ۔ انہوں نے متعلقین پر زور دیاکہ وہ جموں کشمیر کو ایک محفوظ اور تمام موسموں والے سیاحتی مقام کے طور پربڑھاوا دینے میں شراکت دار بنیں ۔

رحیم راتھر

جمونو کشمیر قانون ساز اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر نے آج جموں میں ایک میٹنگ کے دوران اسمبلی کے آنے والے بجٹ اجلاس کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔

انہوننے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی کہ وہ2فروری سے شروع ہونے والے اس اجلاس کے احسن انعقاد کو یقینی بنانے کےلئے سلامتی سمیت تمام انتظامات مکمل کریں۔

جا وید رانا

جنگلات و ماحولیات کے وزیر جا وید احمد رانا نے آج مینڈھر پونچھ میں ایک عوامی در بار کے دوران لوگوں کے مسائل سنے۔ انہوننے لوگوں کو یقین دلایا کہ اُجاگر کئے گئے تمام مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔

NC

نیشنل کانفرنس کے معاون جنرل سیکریٹری اور پارلیمنٹ ممبر چودھری محمد رمضان نے آج ہندواڑہ میں پارٹی کے بلاک صدور اور کارکنوں کے ایک اجلاس سے خطاب کر تے ہوئے کہا کہ ملک کے آئین میں ہر مذہب سے تعلق رکھنے والے شہریوں کو مذہبی آزادی حاصل ہے۔

انہوننے لوگوں کو فرقہ پرست قوتوں اور مذہب کی بنیاد پر تقسیم کرنے والے پارٹیوں سے خبر دار کیا۔

دریں اثناءپارٹی کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر کی صدارت میں آج پارٹی ہیڈ کواٹر پر بلاک خانیار کے کارکنوں کا ایک اجلاس منعقد ہوا۔ انہوننے کارکنوں پر زور دیا کہ وہ بنیادی سطح پر عوام کے مسائل کو حل کرنے میں کلیدی رول ادا کرے۔

ست شرما

بی جے پی جموںو کشمیر کے مہیلا مورچہ کی میٹنگ آج جموں میں پارٹی کے صدر اور ممبر پارلیمنٹ ست شرما کی صدارت میں منعقد ہوئی۔ اس دوران پارٹی کے تنظیمی امور کا تفصیل سے جائزہ لیا گیا۔

میٹنگ میں بی جے پی مہیلا مورچہ کی صدر ایڈوکیٹ نیہا مہاجن اور کئی دیگر لیڈر بھی موجود تھے۔

اس دوران ایس ایس جین سبھا کے صدر سنیل جین کی سربراہی میں سبھا کے ایک وفد نے آج جموں میں بی جے پی پردیش صدر ست شرما کے ساتھ ملاقات کی۔ وفد کے اراکین نے لوگوں کی فلاح وبہبود کےلئے اقدامات کرنے پر مودی سرکار کی سراہنا کی۔

کھٹانہ

ممبر پارلیمنٹ انجینئر غلام علی کھٹانہ کی صدارت میں آج کوٹرنکا راجوری میں ایک عوامی در بار کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقعے پر انہوننے لوگوں کے مسائل سنے ۔

علاوہ ازیں انہوننے موجودہ حکومت پر الزام لگایا کہ وہ ہر محاذ پر نا کام ہوئی ہے۔

درخشاں اندرابی

جموںو کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے کہا ہے کہ جموںو کشمیر میں زراعت اور اس سے منسلک شعبوں کی ترقی کےلئے مرکزی سرکار ٹھوس اقدامات کررہی ہے۔

میں جدید کولڈ سٹورکا سنگ بنیاد رکھنے Sicop Complex یہ بات انہوننے آج پلوامہ ضلعے کے لاسی پورہ کے بعد کہی۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبرینآپ آکاشو انی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، شہر شہر منظر ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر اور نئی منزلیں کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس ، Radiokashmir@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں ۔

شب معراج

آج معراج النبی ﷺ کی تقریب سعید پورے مذہبی عقیدت و احترام کے ساتھ منائی جا رہی ہے ۔ اس نسبت سے وادی کی مساجد ، خانقاہوں اور بقہ جات میں شب بیداری کی تقریبات منعقد ہو رہی ہیں، جس دوران عقیدت مند توبہ استغفار ، نعت و مناجات اور دروز واذکار میں محو رہینگے نیز علمائے دین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے مقدس معراج پر روشنی ڈالیں گے۔

شب بیداری کی سب سے بڑی تقریب آثار شریف درگارہ حضرت بل میں منعقد ہوگی جہاں آج نماز عشاءٹھیک دس بجے ادا کی جائے گی۔آثار شریف شہری کلاشپورہ میں نماز عشاءرات ساڑھے نو بجے ادا کی جائے گی۔ آثار شریف درگاہ میں کل اور پرسوں نماز پنجگانہ کے بعد عقیدت مند موئے مقدس آنحضور ﷺ کے دیدار سے فیضیاب ہوں گے۔ انتظامیہ نے عقیدت مندوں کی سہولیت کیلئے تمام انتظامات مکمل کئے ہیں۔

نقیب صاحب

شبِ معراج کی فضیلت اور فلسفے کے بارے میں جمونو کشمیر کے ایک معروف عالم دین اور خطیب مولانا غلام محی الدین نقیب نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

مبارکباد

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ، سابق وزیر اعلیٰ غلام نبی آزاد اور وقف بورڈ کے ممبر ڈاکٹر غلام نبی حلیم اورکچھ دیگر اہم شخصیات نے معراج النبیﷺ کے موقعے پر لوگوں کومبارکباد دی۔

ہمدانیہ

جموں وکشمیر جمعیت ہمدانیہ کے سربراہ مولوی ریاض احمد ہمدانی نے آج نماز جمعہ کے موقعے پر خانقاہ قدیم جامع پانپور میں شب معراج کی فضیلت پر واعظ فرمایا۔

نشہ مکت بھارت ابھیان

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سط پر کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے میں ایک ریڈیو اور ٹی وی ادا کار شبیر حقاق نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

رئیحانہ حبیب

ملک کو 2047تک وکست بنانے کے وزیر اعظم نریندر مودی کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے میں تمام شعبے کلیدی اہمیت کے حامل ہیں۔ اس نظریے کوعملی جامہ پہنانے میں زرعی شعبہ بھی نمایاں رول ادا کر رہا ہے۔جموں کشمیر میں Sustainable Agriculture کے بارے میں شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز میں ڈائریکٹر ایکسٹینشن پروفیسر ڈاکٹر رئیحانہ حبیب کنٹھ نے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے کہا۔

**ویٹرنز ڈے**

بھارتی فوج نے دسویں ڈیفنس فورسزویٹرنز ڈے کے سلسلے میں وادی بھر میں مختلف مقامات پر کئی پروگرام منعقد کئے ۔ سرینگر ، درگمولہ ، اوڑی ، چک کیگام،مانسبل ، لنگیٹ اور حیدر بیگ میں سابقہ فوجیوں کی ریلیاں نکالی گئیں جن میں سینئر فوجی افسروں نے سابق فوجیوں ، ویئر ماتاؤں ، ویئر ناریوں اور ان کے کنبوں کی عزت افزائی کی ۔

**ڈاکٹر مختار**

وادی میں خشک اور سرد موسمی صورتحال لگاتار جاری ہے اگر چہ دن میں ہلکی دھوپ نکلتی ہے تاہم شبانہ درجہ حرارت ابھی بھی نقطہ انجماد سے کم درج کیا جا رہا ہے جس کی وجہ سے لوگ کافی سردی محسوس کر رہے ہیں۔

وادی کے لوگ بے صبری کے ساتھ بارشوں اور برفباری کا انتظار کر رہے ہیں۔موجود ہ موسمی صورتحال کے حوالے سے سرینگر میں محکمہ موسمیات کے ڈائریکٹر ڈاکٹر مختار احمد آکاشوانی نیوزسرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

**کشمیر پولیس**

منشیات کے کاروبار کے خلاف ایک بڑی کارروائی کرتے ہوئے پولیس نے بجبہاڑہ اننت ناگ کے رہنے والے بشیر احمد ڈار نامی ڈرگ سمگلر کی ایک گاڑی اٹیچ کی ہے۔

شوپیان میں پولیس نے ایک ڈرگ سمگلر کو گرفتار کر کے اس کے قصبے سے 5کلو گرام نشیلی اشیاءبر آمد کی ہے۔

بارہمولہ پولیس کے اہتمام سے ضلع بھر میں مختلف مقامات پر عوامی رابطہ پروگرام منعقد کئے گئے۔

**جموں پولیس**

سرحد پارکی دہشت پسندی اور وہاں سے کام کر رہے قوم دشمن عناصر کے خلاف کارروائی کو جاری رکھتے ہوئے پونچھ پولیس نے چھمبر کناری منڈی پونچھ کے رہنے والے پاکستان میں مقیم ایک دہشت پسند عبدالعزیز کی 10کنال 14مرلہ اراضی کو اٹیچ کر دیا۔

کشتواڑ نریش سنگھ نے سائبر جرائم اور مالی فراڈ کو روکنے کیلئے ضلع میں کام کر رہے تمام بینکوں SSP کے منیجرونکے ساتھ میٹنگ منعقد کی ۔

پولیس کی طرف سے بس پور بگلہ آر ایس پورہ میں تھانہ دیوس کا انعقاد کیاگیاجس دوران اعلیٰ پولیس افسروں نے مقامی لوگونکے مسائل سُنے۔

سندیپ کمار مہتا کی ہدایت کے مطابق مختلف مقامات پر سائبر جرائم سے بیداری SSPڈوڈہ پولیس نے ورکشاپوں کا انعقاد کیا۔

**مطالبہ**

عوامی حلقوں نے منشیات کے کاروبار کے خلاف پولیس، نارکوٹِکس بیورو اور دیگر متعلقہ ایجنسیوں کی کارروائیوں کی سراہنا کی ہے۔ تاہم لوگوں نے مطالبہ کیا ہے کہ عوامی اہمیت کے مقامات خصوصاً تعلیمی اداروں ، پبلک پارکوں ، تفریحی مقامات ، اسپتالوں ، چھوٹی بڑی گاڑیوں کے سٹینڈس ، چوراہوں وغیرہ پر تلاشی کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جانی چاہئے تاکہ ڈرگ سمگلروں کے نیٹ ورک کو ختم کیا جاسکے۔

**حج تربیت**

جموں کشمیر حج کمیٹی کی طرف سے حج 2026 کے لئے منتخبہ عازمین کی خاطر مناسکِ حج سے متعلق تربیتی پروگراموں کا شیڈول جاری کیا گیا ہے ۔

شیڈول کے مطابق وادی کے عازمین کے لئے متعلقہ اضلاع میں ان تربیتی پروگراموں کا اہتمام کیا جائے گا ۔

جبکہ سرینگر سے تعلق رکھنے والے عازمین کویہ تربیت حج ہاؤس بمنہ میں دی جائے گی۔

**کانگریس**

جمونوکشمیر کانگریس کمیٹی کی ایک میٹنگ آج جموں میں اس کے کار گذار پردیش صدر رمن بھلہ کی صدارت میں منعقد ہوئی۔ اس موقعے پر بتایا گیا کہ پارٹی” ایم جی نریگا بچاؤ“ اور”ہماری ریاست ہمارا حق“ کےلئے اپنی جدو جہد جاری رکھے گی۔

**ڈاک**

بھارتیہ ڈاک محکمہ یونیورسل پوسٹل یونین پہل کے تحت اسکولی طلباءمیں اختراعیت کو فروغ دینے کیلئے لیٹر رائٹنگ مقابلے کا اہتمام کر رہاہے۔اس مقابلے میں 9برس سے 15برس تک کے طالب علم شرکت کر سکتے ہیں۔اس ضمن میں مزید تفصیلات محکمے کی ویب سائٹ www.indiapost.gov.in سے حاصل کی جا سکتی ہے۔

**کرائم برانچ**

داخلے کے ایک فراڈ کیس میں کرناٹک سے تعلق رکھنے والے عاقب جاوید MBBS کرائم برانچ کشمیر نے اورمحمد احتشام احمدکے خلاف سب جج بارہمولہ کی عدالت میں فردِ جرم داخل کی ہے ۔

کرائم برانچ کے مطابق ان دونوں نے ایک شخص سے 13لاکھ روپے اینٹھ کر اس کے بیٹے کو کرناٹک کے ایک میڈیکل کالج میں داخلہ دلانے کا وعدہ کیا تھا۔

**سیاحت**

محکمہ سیاحت زیادہ سے زیادہ سیاحوں کوجموں کشمیرکی طرف راغب کرنے کیلئے خاطر خواہ اقدامات کر رہا ہے اوران کاوشوں کی بدولت یہاں آنے والے سیاحوں کی تعداد میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے اور وہ یہاں کے سرد موسمی صورتحال نیز یہانکی خوبصورتی سے لطف اندوز ہو رہے ہیں۔

کئی سیاحوں نے اپنے تجربات کا یوں اظہا رکیا۔

**موسم**

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے24گھنٹوں کے دوران جموں کشمیر کے بالائی علاقوں میں ہلکی بارش یا برفباری کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت9 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی1اعشاریہ5 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت14اعشاریہ6ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت4اعشاریہ7 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔